# ڈاکٹر اے کیو خان سکول اینڈ کالج بحریہ ٹاؤن فیز ۸

## ماڈل پیپر اردو جماعت ہشتم

**مقررہ وقت : 20 منٹ**

**نام:** ____________ **فریق:** ____________

**تاریخ:** ____________ **دستخط نگران امتحان:** ____________

### حصہ اول (کل نمبر 15)

سوال نمبر 1 : ہر سوال کے سامنے دیے گئے، سلیبس کے مطابق درست دائرہ کو پر کریں۔

| س نمبر | سوال | الف | ب | ج | د | الف | ب | ج | د |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| i. | "مذموم عزائم" سے کیا مُراد ہے؟ | نیک ارادے | قابلِ مذمت ارادے | مضبوط ارادے | قابلِ تقلید ارادے | ○ | ○ | ○ | ○ |
| ii. | لفظ "دوا" کی جمع الجمع کیا ہے؟ | ادویہ | دوائیں | ادویات | دوائیاں | ○ | ○ | ○ | ○ |
| iii. | ایسا فعل جس کا فاعل نامعلوم ہو کیا کہلاتا ہے؟ | فعل لازم | فعل معروف | فعل مجہول | فعل مضارع | ○ | ○ | ○ | ○ |
| iv. | 1957ء میں کراچی میں وسیع پیمانے پر کون سی وبا پھیلی؟ | کرونا | ملیریا | ٹائیفائیڈ | فلو | ○ | ○ | ○ | ○ |
| v. | محترمہ فاطمہ جناح کب پیدا ہوئیں؟ | 1890ء | 1893ء | 1894ء | 1895ء | ○ | ○ | ○ | ○ |
| vi. | شیخ سعدی کی حکایت پر مشتمل کتاب کا نام کیا ہے؟ | حکایاتِ رومی | حیاتِ سعدی | کلیاتِ اقبال | بوستان | ○ | ○ | ○ | ○ |
| vii. | عبدالستار ایدھی کو کس اعزاز سے نوازا گیا؟ | نشانِ حیدر | نشانِ امتیاز | تمغہ حسن برائے کارکردگی | ہلالِ پاکستان | ○ | ○ | ○ | ○ |
| viii. | وہ اسم جو کسی اسم کی مقدار کو ظاہر کرے کیا کہلاتا ہے؟ | صفتِ ذاتی | صفتِ ضمیری | صفتِ مقداری | صفتِ نسبتی | ○ | ○ | ○ | ○ |
| ix. | مضمون کے کتنے حصے ہوتے ہیں؟ | تین | چار | پانچ | چھ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| x. | محترمہ فاطمہ جناح نے عملی زندگی میں کون سا پیشہ اختیار کیا؟ | ڈینٹل سرجن | وکیل | استاد | محقق | ○ | ○ | ○ | ○ |
| xi. | قواعد کی رو سے "مادرِ ملت" کیا ہے؟ | خطاب | لقب | عرف | کنیت | ○ | ○ | ○ | ○ |
| xii. | قواعد کی رو سے "کام کرنے والے کو" کیا کہتے ہیں؟ | فاعل | مفعول | معروف | مجہول | ○ | ○ | ○ | ○ |
| xiii. | "آسمان سر پر اٹھانا" محاورے سے کیا مُراد ہے؟ | بڑی مصیبت آنا | بہت بلند ہونا | شور مچانا | غصے میں آنا | ○ | ○ | ○ | ○ |
| xiv. | شعر کے آخر میں آنے والے ہم آواز الفاظ کو کیا کہتے ہیں؟ | تشابہ الفاظ | ردیف | قافیہ | مرکب الفاظ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| xv. | "تمھارا گھر" قواعد کی رو سے کیا ہے؟ | صفتِ ذاتی | صفتِ نسبتی | صفتِ عددی | صفتِ ضمیری | ○ | ○ | ○ | ○ |

# ڈاکٹر اے کیو خان سکول اینڈ کالج بحریہ ٹاؤن فیز ۸

## ماڈل پیپر اردو جماعت ہشتم

**مقررہ وقت: 1 گھنٹہ، 40 منٹ** — **کل نمبر: 50**

## حصہ دوئم (کل نمبر 34)

**سوال نمبر 2: الف۔** حصہ نثر

**درج ذیل عبارت کو پڑھ کر آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات اپنے الفاظ میں لکھیں۔** (8x2=16)

ایک وقت تھا جب انسان غاروں میں رہا کرتا تھا۔ اس نے اپنی عقل و دانش جیسی نعمت کو استعمال کیا اور رفتہ رفتہ ترقی کرتا کمپیوٹر تک آ پہنچا۔ کمپیوٹر سے جُڑی ایک اہم ایجاد فیس بک ہے۔ فیس بک کا بانی مارک زکر برگ ہے۔ اس نے فیس بک کا آغاز 4 فروری 2004ء کو کیا۔ 2005ء فیس بک کے لیے بہتری کا سال تھا کیونکہ اس سال یہ 12 یونیورسٹیوں میں پہنچ چکی تھی پھر مائیکروسافٹ اور ایپل کمپنیوں نے بھی اسے قبول کر لیا۔ اکتوبر 2011ء میں 350 ملین لوگ موبائل فون کے ذریعے اسے استعمال کرنے لگے۔ فیس بک پر بڑے پیمانے پر ویڈیو، تصاویر اور پیغامات کے ذریعے رابطہ کیا جاتا ہے۔ اس سے کاروبار کی تشہیر ہوتی ہے اور قومی اور بین الاقوامی سطح پر دوست بھی بنائے جا سکتے ہیں۔ کچھ نوجوان اس کے اتنے عادی ہو جاتے ہیں کہ وہ اپنا زمانہ طالب علمی تباہ کر کے رکھ دیتے ہیں۔ اس کے بے جا استعمال سے وقت ضائع ہوتا ہے۔ فیس بک ایک مفید چیز ہے مگر اس کا زیادہ استعمال نقصان دہ بھی ہو سکتا ہے۔

**سوالات:**

(i) فیس بک کیا ہے؟ اس کے لوگوں پر اثرات تحریر کریں۔

(ii) 2005ء فیس بک کے لیے کیوں اہم تھا؟

(iii) فیس بک کے دو فوائد تحریر کریں؟ **یا** فیس بک کے دو نقصانات لکھیں۔

(iv) ایک طالب علم کی زندگی کو فیس بک کیسے متاثر کر رہا ہے؟

(v) اس عبارت کا مرکزی خیال لکھیں۔ **یا** اس عبارت کا خلاصہ لکھیں۔

(vi) درج ذیل الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔

i۔ ایجاد ii۔ ضائع

(vii) ترقی یافتہ دور کی کسی ایک ایجاد کے بارے میں لکھیں۔

(viii) اس عبارت کا عنوان تجویز کریں۔

**(ب) حصہ شعر :** (5x2=10)

**درج ذیل اشعار کو غور سے پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیئے۔**

(i) امیں ہو تو عرب کے اُس امانت دار کو دیکھو — جو صادق ہو تو، اس مردِ صداقت کار کو دیکھو

(ii) اس زمین کی مٹی میں خون ہے شہیدوں کا — ارضِ پاک مرکز ہے قوم کی اُمیدوں کا

(iii) وہ اک رسّی میں پورا لاؤ لشکر باندھ لائے ہیں — یہ بستر میں ہزاروں تیر و نشتر باندھ لائے ہیں

**(iv)** رحمت تیری ہر گام دیتی ہے دلاسے — ہم نے تجھے جانا ہے فقط تیری عطا سے

**سوالات:**

(i) پہلے شعر کا مرکزی خیال تحریر کریں۔

(ii) دوسرے شعر میں قوم کی اُمیدوں سے کیا مراد لی گئی ہے؟

(iii) تیسرے شعر میں قافیہ اور ردیف الفاظ کی نشاندہی کریں۔

(iv) تیسرے شعر میں "پورا لاؤ لشکر باندھ لائے" سے شاعر کی کیا مُراد ہے؟

(v) آخری شعر نصاب کی کس نظم سے لیا گیا ہے؟ نظم اور شعر کا نام بتائیں۔

(ج) حصہ قواعد: (4x2=8)

**مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دیجیے۔**

i. اسم صفت کی کتنی اقسام ہیں؟ وضاحت کریں۔

ii. مندرجہ ذیل کی جمع الجمع بنائیں:

1۔ رسم 2۔ جوہر

iii. مندرجہ الفاظ کی قواعد کی رو سے نشاندہی کریں۔

1۔ کشمیری چائے 2۔ ہمارا بستہ

iv. محاورات کے جملے بنائیں:

1 ۔ اوسان خطا ہونا 2۔ بول بالا ہونا ۔

## حصہ سوئم (کل نمبر 26)

**سوال نمبر 3 : مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نظمیہ جزو کی تشریح کریں۔** (5)

اس زمین کی مٹی میں خون ہے شہیدوں کا
ارضِ پاک مرکز ہے قوم کی اُمیدوں کا
نظم و ضبط کو اپنا، میر کارواں جانو
وقت کے اندھیروں میں ، اپنا آپ پہچانو

**یا**

ذرا اس فاتحِ عالم کا، اندازِ ظفر دیکھو
وہ سارے دشمنوں پر ایک رحمت کی نظر دیکھو
اُسے جس طور سے چاہو، اُسے جس ڈھنگ میں دیکھو
وہ اک انسانِ کامل ہے، اُسے جس رنگ میں دیکھو

**سوال نمبر 4:** اخبار کے مدیر کے نام ماحول کی آلودگی سے متعلق خط تحریر کریں۔ (5)

**یا**

اپنے چھوٹے بھائی کے نام خط لکھیں جس میں اُسے موبائل کے زیادہ استعمال کے نقصانات سے آگاہ کریں۔

**سوال نمبر 5:** کھیلوں کی اہمیت پر استاد اور شاگرد کے مابین مکالمہ تحریر کریں۔ (6)

**یا**

دو دوستوں کے درمیان منشیات کے اثرات سے متعلق مکالمہ تحریر کریں۔

**سوال نمبر 6 : دیئے گئے اشارات کی مدد سے کسی ایک موضوع پر دو سو سے تین سو الفاظ پر مشتمل ایک مضمون لکھیں۔** (10)

**سائنس کے کرشمے**

خاکہ:

i. سائنس کا مفہوم اور اہمیت
ii. حیرت انگیز ایجادات
iii. انسانی ترقی میں ان کا کردار
iv. سائنسی ترقی کے فوائد و نقصانات
v. حاصل بحث

**احترام استاد**

خاکہ:

i. تعارف
ii. استاد کا مقام قرآن و حدیث کی روشنی میں
iii. معمارِ قوم
iv. معلم اعظم
v. استاد کا ادب و احترام